

A7Z3Y5

# ۱۶ - تواتُر

## ہندسی اشکال کا تواتُر


◆ ذیل کے نقش نگار کا مشاہدہ کیجیے۔ ہندسی اشکال کا تواتُر دیکھیے۔





### مشق

• ذیل کا تواتُر مکمل کیجیے۔



◆ ذیل کی آزاد دست شکلوں کی مدد سے بنائے ہوئے تواتُر کا مشاہدہ کیجیے۔




### مشق

۱. مختلف ہندسی شکلیں ایک کے آگے ایک رکھ کر ایک تواتُر بنائیے۔

۲. مختلف آزاد دست شکلوں کی مدد سے تواتُر بنائیے۔

۳. ذیل کا تواتُر مکمل کیجیے۔



۴. اوپر کے تواتُر میں ہندسی شکلیں پہچانیے اور ان کا استعمال کر کے آپ کوئی نقش ونگار بنائیے۔

## حاصل ضرب تواتُر میں

۹ کا پہاڑا دیکھیے۔

اس پہاڑے میں اکائی کے مقام پر آنے والے ہندسوں کو ترتیب وار دیکھیے۔ ان میں تواتُر تلاش کیجیے۔

اسی پہاڑے میں دہائی کے مقام پر آنے والے ہندسوں کو ترتیب وار دیکھیے۔ ان میں تواتُر تلاش کیجیے۔

۹
۱۸
۲۷
۳۶
۴۵
۵۴
۶۳
۷۲
۸۱
۹۰




## مشق

۱. ۵ کا پہاڑا دیکھیے۔

۵، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰، ۳۵، ۴۰، ۴۵، ۵۰، ۵۵، ۶۰، ۶۵، ۷۰، ۷۵، ...

اس پہاڑے میں اکائی کے مقام کے ہندسوں میں تواتر تلاش کیجیے۔ اس پہاڑے میں کیا دہائی کے مقام کے ہندسوں میں بھی تواتُر ہے؟

۲. ۱۰ کا پہاڑا لکھیے۔

اس پہاڑے میں اکائی کے مقام کا ہندسہ دیکھیے۔ اس میں کون سا تواتُر ہے؟

۳. ۲ کا پہاڑا ۳۰ = ۱۵ × ۲ ← تک لکھیے۔

اس کے بعد ۲ = ۱ × ۲ سے ۳۰ = ۱۵ × ۲ تک کے عددوں میں اکائی کے مقام کے ہندسے دیکھیے۔ ان میں تواتر تلاش کیجیے۔

۴. ذیل کی ضرب مکمل کیجیے اور حاصل ضرب میں واقع ہونے والا تواتُر تلاش کیجیے۔

۶۰ = ۱۰ × ۶      ۷۰ = ۱۰ × ۷

۶۰۰ = ۱۰۰ × ۶      ۷۰۰ = ۱۰۰ × ۷

..... = ۱۰۰۰ × ۶      ..... = ۱۰۰۰ × ۷

..... = ۱۰،۰۰۰ × ۶      ..... = ۱۰،۰۰۰ × ۷

۵. ۳۷ کو ترتیب وار ۳، ۶، ۹، ...، ۲۷ سے ضرب کیجیے۔ حاصل ضرب میں تواتُر دیکھیے۔

**سرگرمی :** بھنڈی کی عرضی تراش لے کر رنگ میں ڈبایئے اور اُس سے نقش و نگار تیار کیجیے۔
مختلف ہندسی اشکال استعمال کرکے تواتُر بنایئے۔ کپڑے پر ڈیزائن دیکھ کر اس میں تواتُر پہچانیے اور مختلف ڈیزائن بنایئے۔